عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
جلد نمبر 21 | بروز پیر 28 ستمبر 2026ء/ 15 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 180

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائیاں، 96 گھنٹوں میں 71 سے زائد دہشتگرد ہلاک

25 ستمبر کو نوشکی میں ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو نشانہ بنایا گیا، جس میں 11 دہشت گرد ہلاک ہوئے، بھاری تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد

گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران مزید 23 دہشت گرد ہلاک کیے گئے، مند کے علاقے میں کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے منسلک 6 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی/کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی انٹیلی جنس بیسڈ اور کلیئرنس کارروائیوں کے دوران گزشتہ 96 گھنٹوں میں 71 سے زائد دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے کلیئر کیے گئے جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق انٹیلی جنس اداروں نے کوئٹہ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

جڑواں شہروں میں انٹرنیٹ سروسز ڈاؤن ہونے کے بعد مکمل طور پر بحال

ٹیلی کام آپریٹر کے نیٹ ورک میں آپٹیکل فائبر کا فالٹ دور کر دیا گیا ہے، پی ٹی اے

اسلام آباد (جی این ایم) جڑواں شہروں راولپنڈی اور اسلام آباد میں انٹرنیٹ سروسز ڈاؤن ہونے کے بعد مکمل طور پر بحال ہوگئیں۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے جاری اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ ٹیلی کام آپریٹر کے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

14 اکتوبر کے لانگ مارچ سے قبل کے پی حکومت ختم ہوجائیگی، اعجاز الحق

پی ٹی آئی کو بعد میں بھی بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا، سربراہ مسلم لیگ زیڈ

لاہور (جی این ایم) مسلم لیگ ضیا کے سربراہ اعجاز الحق نے کہا ہے کہ میری نظر میں 14 اکتوبر کے لانگ مارچ سے پہلے خیبر پختونخواہ حکومت ختم ہوجائے گی۔ ایک انٹرویو انہوں نے کہا کہ ریلیف کا بھی طریقہ ہوتا ہے دھمکیوں (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رکھی جائیں، وزیراعظم

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

سائبر کرائم کرنے والا چاہے کہیں بیٹھا ہو قانون کی گرفت میں لانا ہے، محسن نقوی

شہری کو شکایت درج کرانے کے بعد مہینوں انتظار نہیں کرنا چاہیے، ہر شکایت پر بروقت پیش رفت نظر آنی چاہیے


این سی سی آئی اے کو حقیقی معنوں میں پاکستان کی سائبر پولیس بنانا ہے جو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے شہریوں کو ڈیجیٹل دنیا میں تحفظ فراہم کرے، وفاقی وزیر داخلہ

لاہور (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سائبر جرائم کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ سائبر کرائم کرنے والا چاہے کہیں بیٹھا ہو، قانون کی گرفت میں لانا ہے، شہری کو شکایت درج کرانے کے بعد مہینوں انتظار نہیں کرنا چاہیے، (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

ہرنائی تا سنجاوی روڈ پر پولیس کی کارروائی، آئس اسمگلنگ میں ملوث منشیات فروش گرفتار

منشیات فروشی کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی، ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی، ایس ایچ او ڈیلکونہ

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں منشیات کے خاتمے اور علاقے کو امن و امان کا گہوارہ بنانے کے لیے پولیس کی جانب سے کارروائیاں بلاتعطل جاری ہیں۔ ایس پی ہرنائی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)



کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے اختتامی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، محسن نقوی

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک آپریشنز جاری رہیں گے

وفاقی وزیر داخلہ کا بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین کرتے ہوئے متعدد دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

ثالثوں کے ذریعے حتمی جواب کا انتظار ہے، عباسی عراقچی

آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے سے متعلق کسی بھی پیشرفت کا انحصار تہران کی شرائط پوری کیے جانے پر ہوگا

تہران (جی این ایم) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ تہران نے اپنی تجویز پر امریکی صدر ٹرمپ کا ابتدائی ردعمل دیکھا ہے لیکن اسے ابھی تک ثالثوں کے ذریعے کوئی باضابطہ جواب موصول نہیں ہوا، کسی بھی پیشرفت کا انحصار تہران کی شرائط پوری کیے جانے پر ہوگا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)



ریاض، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ ترکیہ اور سعودی عرب کے فوجی سربراہان کا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت اجلاس کے موقع پر گروپ فوٹو

ملک بھر میں سیاحت کے فروغ کیلئے فعال اقدامات کر رہے ہیں، وزیراعظم

پاکستان کا معتدل موسم اور سکھ، بدھ سمیت دیگر مذاہب کے مقدس مقامات عالمی سیاحت کو متوجہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، عالمی یوم سیاحت کے موقع پر اپنے پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت ملک بھر میں سیاحت کے فروغ کیلئے فعال اقدامات کر رہی ہے، وزیراعظم عالمی یوم سیاحت کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعظم محمد شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آج پاکستان اور دنیا بھر میں شعبہ سیاحت سے وابستہ افراد اور سیاحوں کے ذوقِ تحقیق و تجسس اور شوقِ سیر و سفر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سیاحت کے میدان میں دلکش قدرتی مناظر، قدیم تاریخی یادگاریں، تہذیبی ورثہ اور متنوع ثقافتی رنگ بنیادی محرکات کی حیثیت رکھتے ہیں، اللہ کے فضل سے پاکستان بے مثال قدرتی مناظر، شاندار تہذیبی و ثقافتی ورثہ، تاریخی اور مذہبی مقامات کے ساتھ شعبہ سیاحت میں روشن امکانات رکھتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت ملکی سیاحت کے فروغ، سیاحتی بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور اس شعبہ سے وابستہ مقامی آبادی اور نوجوانوں کیلئے روزگار و ترقی کے مواقع پیدا کرنے کیلئے کام کر رہی ہے، حکومت پرعزم ہے کہ پاکستان کو ایک محفوظ، پرکشش اور مسابقتی سیاحتی مقام کے طور پر دنیا کے سامنے اجاگر کیا جائے۔ شہباز شریف (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

پاک بحریہ کی پہلی کامیاب لائیو وپین فائرنگ، طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل فائر کیا

ہنگور کی کامیاب فائرنگ پاک بحریہ کی زیرِ آب جنگی صلاحیتوں میں اہم سنگِ میل ہے، آئی ایس پی آر

پاک بحریہ پاکستان کی بحری سرحدوں کے دفاع اور خطے میں امن و استحکام کے لیے پرعزم ہے، نیول چیف

راولپنڈی (جی این ایم) پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو وپین فائرنگ کامیابی سے مکمل کرلی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو وپین فائرنگ کامیابی سے مکمل کی اور پی این ایس / ایم ہنگور نے طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل کامیابی سے فائر کیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ اینٹی شپ کروز میزائل نے مقررہ ہدف کو انتہائی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)



کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل کو 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے اختتامی موقع پر بریگیڈیئر خاقان یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کراچی پولیو کا گڑھ قرار، ڈبلیو ایچ او کا پاکستان پر عالمی سفری پابندیاں برقرار رکھنے کا فیصلہ

پاکستان اور افغانستان میں وائلڈ پولیو وائرس کا پھیلاؤ تاحال قابل تشویش ہے، عالمی ادارہ

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے پاکستان پر عالمی سفری پابندیاں برقرار رکھنے کا فیصلہ کرتے ہوئے پابندیوں میں تین ماہ کی توسیع کر دی۔ رپورٹ کے مطابق پابندیوں کی سفارش ڈبلیو ایچ او ایمرجنسی کمیٹی برائے پولیو نے کی، صحت کے عالمی ادارے کا (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

پاکستان میں 8 برسوں کے دوران زیرزمین پانی میں 5.66 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی

پنجاب کا 22.84 فیصد حصہ زیرزمین پانی سے محروم ہوچکا، 36.17 فیصد زمین بھی جلد بے آب ہوجائیگی

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں 8 برسوں کے دوران زیرزمین پانی میں 5.66 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب کا 22.84 فیصد حصہ زیرزمین پانی سے محروم ہوچکا، جبکہ 36.17 فیصد زمین بھی جلد بے آب ہوجائے گی۔ صوبے میں 5 فٹ تک زیرزمین پانی میں 3.2 فیصد جبکہ 5 سے 10 فٹ تک تقریباً 11 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ خیبر پختونخواہ میں (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

فلسطینی ریاست کے قیام کے روڈ میپ پر اتفاق کرچکے ہیں، حماس رہنما کا دعویٰ

منصوبے کا آغاز غزہ جنگ بندی کے پہلے مرحلے کی تکمیل سے ہوگا، حماس رہنما خلیل الحیہ کا انٹرویو

غزہ (جی این ایم) حماس کے رہنما خلیل الحیہ نے کہا ہے کہ تنظیم نے گزشتہ اکتوبر ایک ایسے روڈ میپ پر اتفاق کیا تھا جس میں بالآخر فلسطینی ریاست کا قیام بھی شامل ہے۔ قطر کے العربی چینل کو دیئے گئے انٹرویو میں خلیل الحیہ نے کہا کہ اس منصوبے کا آغاز غزہ جنگ بندی کے پہلے مرحلے کی تکمیل سے ہوگا، جبکہ روڈ میپ میں ہتھیاروں کا معاملہ بھی شامل ہے۔ خلیل الحیہ نے (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

پاکستان دہشتگردی کیخلاف جنگ میں صفِ اول کا کردار ادا کر رہا ہے، اقوام متحدہ

سیکرٹری جنرل خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لئے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ترجمان

افغان عبوری حکومت اپنی سرزمین کو دہشتگردی کیلئے استعمال ہونے سے روکے اور ملک سے دہشتگردی کا خاتمہ کرے، اسٹیفن ڈی جائیک

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن ڈی جائیک نے کہا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صفِ اول کا کردار ادا کر رہا ہے، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لئے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو انتہائی قدر کی نگاہ سے (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

سیکریٹری ایس آئی ایف سی کی عالمی بینک کے وفد سے اہم ملاقات

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں کاروباری ماحول اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے (باقی صفحہ 2 نمبر 32)



حیدرآباد، جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ مظاہرین سے خطاب کر رہے ہیں

لکی مروت، دہشتگردوں کی فائرنگ سے 3 افراد شہید، 3 زخمی

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخواہ کے ضلع لکی مروت میں دہشتگردوں کے حملے میں 3 افراد شہید جبکہ 3 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق تازہ واقعہ لکی مروت کے علاقے عبدالخیل (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

کارکنان جماعتی فکر و پیغام کو عام کرنے کیلئے گھر گھر رابطہ کریں اور عوام تک جمعیت علماء اسلام کا پیغام پہنچائیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

جماعتی نظم و ضبط باہمی رابطے اور فکری تربیت کے ذریعے کارکنان اپنی ذمہ داریوں کو بہتر انداز میں ادا کر سکتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ کارکنان جماعتی فکر و (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

پی ایم اے بلوچستان کا 30 ستمبر کی ملک گیر ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان

صحت کوئی تجارتی کاروبار نہیں، پی او ایس نظام اور چھاپوں کا سلسلہ بند کیا جائے، ترجمان پی ایم اے

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے ڈاکٹروں اور نجی طبی اداروں پر نافذ کیے گئے نئے ٹیکس نظام کے خلاف پی ایم اے مرکز کی جانب سے 30 ستمبر کو کی جانے والی ملک گیر ہڑتال اور طبی مراکز کی مکمل بندش کی کال کی بھرپور اور غیر مشروط حمایت کا اعلان کر دیا ہے۔ پی ایم اے بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون اور پوری کابینہ اس فیصلے کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑی ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



کوالالمپور، وفاقی سیکرٹری برائے قومی تحفظ خوراک و تحقیق عامر علی احمد، وفاقی سیکرٹری تجارت جواد پال اور ملائیشیا میں پاکستان کے ہائی کمشنر سید احسن رضا شاہ نے چاول کی برآمدات، حلال سرٹیفکیشن کے معیارات، زرعی تعاون اور تحفظ خوراک کے امور کو مضبوط بنانے کیلئے ملائیشین حکام کے ساتھ اعلیٰ سطحی بات چیت کر رہے ہیں

سیاحتی ترقی سے ملک کا مثبت تشخص اجاگر ہوگا، چیئرمین سینیٹ

پاکستان ان چند ممالک میں شامل ہے جہاں چاروں موسم اپنی منفرد خوبصورتی کے ساتھ پائے جاتے ہیں جو ملکی سیاحت کے فروغ کے لیے ایک قدرتی اور اہم اثاثہ ہے

سیاحت کے فروغ کیلئے موثر اور پائیدار اقدامات کرنا ہوں گے، سیاحت پاکستان کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ سیاحت پاکستان کی تقدیر بدلنے اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے عالمی یوم سیاحت کے موقع پر پیغام میں کہا کہ پاکستان کے شمالی علاقے، پہاڑی وادیاں، وادی سندھ کی قدیم تہذیب، تاریخی مقامات اور مختلف مذاہب سے وابستہ صدیوں پرانے آثار و ثقافتیں ملکی سیاحتی ورثے کا قیمتی حصہ ہیں۔ پاکستان ان چند ممالک میں شامل ہے جہاں چاروں موسم اپنی منفرد خوبصورتی کے ساتھ پائے جاتے ہیں جو ملکی سیاحت کے فروغ کے لیے ایک قدرتی اور اہم اثاثہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قدرتی حسن، دلکش مناظر، بلند و بالا پہاڑوں، سرسبز وادیوں، صدیوں پرانی تہذیبوں اور تاریخی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

وزیراعظم شہباز شریف کا خطاب فلسطینی مشن نے سوشل میڈیا پر نمایاں کر دیا

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف کے جنرل اسمبلی سے خطاب کے الفاظ کو اقوام متحدہ میں فلسطینی مشن نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر نمایاں کر دیا۔ فلسطینی مشن (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

نیپرا کی بلند عمارتوں اور صنعتی صارفین کے لیے نئے گرڈ شیئرنگ چارجز کی تجویز

اسلام آباد (جی این ایم) نیپرا نے بلند عمارتوں اور صنعتی صارفین کے لیے گرڈ شیئرنگ چارجز سے متعلق نئے قواعد تجویز (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

ڈیرہ مراد جمالی نامعلوم افراد کی فائرنگ، قبائلی رہنما سمیت دو افراد جاں بحق

پولیس نے لاشآوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ضروری کارروائی کے بعد نعشوں کو ورثہ کے حوالے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی نامعلوم موٹر سائیکل سوار افراد کی کارگاڑی پر اندھا دھند فائرنگ سے قبائلی رہنما سمیت دو افراد جاں بحق ہوگئے جبکہ ایک شخص زخمی ہوگئے جبکہ ملزمان موٹر سائیکل سوار موقع سے فرار ہوگئے تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ بابا کوٹ کی حدود صوبائی موضع میں موٹر سائیکل سوار نامعلوم افراد کی اندھا دھند فائرنگ سے کارسوار دو افراد جانبحق (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

چاغی، افغان مہاجرین کی غیر قانونی نقل و حمل پر ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ

بس اڈے سیل، گاڑیاں ضبط اور این او سی منسوخ کیا جائے گا، انتظامیہ کی جانب سے تمام ٹرانسپورٹرز کو سخت ہدایات جاری

چاغی (جی این ایم) افغان مہاجرین کی غیر قانونی نقل و حمل پر ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ انتظامیہ کی جانب سے تمام ٹرانسپورٹرز کو متنبہ کیا گیا ہے کہ افغان مہاجرین کو غیر قانونی طور پر سفر کروانے سے گریز کیا جائے، بصورت دیگر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ غیر قانونی افغان مہاجرین کی نقل و حمل میں ملوث ٹرانسپورٹ کمپنی کے بس اڈے کو سیل، کمپنی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)



کوئٹہ: شرکاء "زیرا خان" کے ہمراہ شرکت کی بریڈل میک اپ مقابلہ میں شریک ہیں

ایران سمیت تمام ممالک کی خودمختاری اور سلامتی کا احترام کیا جائے، چین

نیویارک (جی این ایم) چین نے مشرق وسطیٰ، خصوصاً خلیجی ممالک کی خودمختاری اور سلامتی کے احترام پر زور دیتے ہوئے کیوبا کے خلاف دھمکیوں اور پابندیوں کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے۔ چینی نائب صدر ہان ژینگ نے (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

یمن، حوثیوں کا بچوں کو زبردستی بھرتی کر کے جنگی محاذوں پر بھیجنے کا انکشاف

صنعا (جی این ایم) یمن کی سول سوسائٹی تنظیموں نے کہا ہے کہ ایران کی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا نے حالیہ کارروائیوں کے دوران بچوں کو زبردستی بھرتی کر کے جنگی محاذوں پر بھیجا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

عازمین حج کی سہولت کے پاک حج ایپ پر مزید فیچرز متعارف

حج انتظامات سے متعلق متعدد سہولیات اب عازمین کو گھر بیٹھے دستیاب ہوں گی

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزارت مذہبی امور نے پاک حج ایپ پر عازمین حج کی سہولت کے مزید فیچرز متعارف کرادیئے۔ حج انتظامات سے متعلق متعدد سہولیات اب عازمین کو گھر بیٹھے دستیاب ہوں گی، عازمین حج کو گھر بیٹھے پیکیج دورانیہ اور رہائش میں ترمیم کی سہولت دیدی گئی ہے، اب ٹو بیڈ، تھری بیڈ، فیملی روم یا شیئرنگ رہائش کا انتخاب گھر بیٹھے ممکن ہوسکے گا، لانگ حج کو شارٹ یا شارٹ کو لانگ پیکیج میں تبدیل کرنے کی سہولت بھی میسر ہوگی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ایپ (باقی صفحہ 2 نمبر 17)



کوئٹہ، صفاء کوئٹہ کی ٹیم کی جانب سے زرغون روڈ پر صفائی مہم جاری ہے

پی ٹی آئی مارچ کے ذریعے کیا کرنی چاہتی ہے یہ زیادہ اہمیت رکھتا ہے، بیرسٹر دانیال

مارچ سے متعلق جو تیاری تھی سب کے سامنے ہے، شہریوں کے جان و مال کی حفاظت حکومت کی ترجیح ہے، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) مسلم لیگ ن کے رہنما بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی کی مارچ سے متعلق جو تیاری تھی سب کے سامنے ہے، پی ٹی آئی مارچ کے ذریعے کیا کرنی چاہتی ہے یہ زیادہ اہمیت رکھتا ہے، پی ٹی آئی نے کے پی میں بری کارکردگی چھپانے کے لئے مارچ کی باتیں کی گئیں۔ ایک انٹرویو میں ان کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورننس کے حالات سب کے سامنے ہیں، خیبر پختونخوا میں دہشت گردی ہو رہی ہے، شہری شہید ہو رہے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

سرفراز بگٹی کی سردار عبید گورگیج کی عوامی خدمات قابلِ تحسین ہیں، میر شیر احمد بنگلزئی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سردار عبیداللہ گورگیج کو صوبائی کابینہ میں شامل کریں، رہنما پیپلز پارٹی

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما اور حلقہ پی بی 44 معائنہ کمیٹی کے رکن میر شیر احمد بنگلزئی نے رکن صوبائی اسمبلی حلقہ پی بی 44 سردار عبیداللہ گورگیج کی بہترین عوامی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردار عبیداللہ گورگیج نے اپنے حلقے کے عوام کے مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے بھرپور کردار ادا کیا ہے، ان کی عوامی خدمات قابلِ قدر اور قابلِ تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سردار عبیداللہ گورگیج عوام سے مسلسل رابطے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

ایران کو معاشی طور پر عالمی سطح پر تنہا کرنے کی کوششیں نتائج دے رہی ہیں، امریکا

محکمہ خزانہ نے ایران کے خلاف اقدامات کے سلسلے میں 50 سے زائد ممالک سے بات چیت کی ہے

متعدد بین الاقوامی ممالک اور ایئر لائنز نے ایرانی پروازوں پر پابندیاں عائد کردیں، ایرانی کرنسی ریال کی قدر تاریخ کی کم ترین سطح پر پہنچ چکی ہے، اسکاٹ بیسنٹ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ واشنگٹن کی جانب سے ایران کو معاشی طور پر عالمی سطح پر تنہا کرنے کی کوششیں نتائج دے رہی ہیں۔ اسکاٹ بیسنٹ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ ان کی ہدایت پر امریکی وفود نے دنیا کے مختلف ممالک کا دورہ کیا تاکہ دیگر حکومتوں کو بھی ایران کے خلاف سخت اقدامات پر آمادہ کیا جاسکے اور ان کی ان کوششوں کے مثبت نتائج بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

دشمن کیلئے سرپرائز تیار، حملہ پر نئی فوجی ٹیکنالوجی سے جواب دیا جائیگا، ایران

ایرانی فوج ماضی کے مقابلے میں زیادہ مضبوط اور بہتر دفاعی پوزیشن میں ہے، ترجمان بریگیڈیئر جنرل ابوالفضل شکارچی

جنگ دوبارہ شروع ہوئی تو بحر ہند میں بھی امریکی جنگی جہازوں کو نشانہ بنائیں گے، پاسداران انقلاب

تہران (جی این ایم) ایرانی مسلح افواج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل ابوالفضل شکارچی نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف کسی بھی جارحیت کی صورت میں ملک نئی فوجی ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے جواب دے گا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایرانی فوج ماضی کے مقابلے میں زیادہ مضبوط اور بہتر دفاعی پوزیشن میں ہے۔ الجزیرہ کے مطابق ایرانی سرکاری میڈیا سے گفتگو میں ابوالفضل شکارچی نے کہا کہ ایران نے غیر متناسب جنگی (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

سیکرٹری لائیو اسٹاک صالح بلوچ مالداری کے شعبے میں نمایاں کام کرینگے، اکرم بنگلزئی

جس انداز میں بھاگ دوڑ سنبھالی اس سے اصلاحات کا راستہ ہموار ہوگا، گل حسنی دشتی

کوئٹہ (جی این ایم) مالداری کے شعبے سے وابستہ اکرم بنگلزئی اور گل حسن دشتی نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں سیکرٹری لائیو اسٹاک صالح بلوچ کی منصب پر سنبھالنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے موصوف نے جس انداز میں بھاگ دوڑ سنبھالی ہے اس سے صوبے کے مالداران پر مثبت اثرات مرتب ہونگے صالح بلوچ کی قیادت لائیو اسٹاک میں نئی توانائی اور جذبہ پیدا کرسکتی ہے فیلڈ میں ویکسین کی بروقت فراہمی و ویٹرنری ٹیموں کو فعال بنانا غریب کسانوں کے مسائل کو دہلیز (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت: 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

ایڈیٹر اسرار محمد کھیتران و پبلشر شاہ زمان نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ آفس نمبر 208، اورینٹل پلازہ، ایم اے جناح روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا۔
موبائل/ ٹیلی فون نمبر: 03327865820/03136823996

علماء کرام اور اہلِ حق کی صحبت و رہنمائی

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ کارکنان جماعتی فکر و پیغام کو عام کرنے کے لیے گھر گھر رابطہ کریں اور عوام تک جمعیت علماء اسلام کا پیغام پہنچائیں۔ موجودہ پُرفتن دور میں علماء کرام اور اہلِ حق کی صحبت و رہنمائی انسان کے لیے ہدایت اور نجات کا ذریعہ ہے اس لیے نوجوان نسل غیر اسلامی تہذیب و افکار کی اندھی تقلید کے بجائے اپنے اسلاف و اکابر کے نقشِ قدم کو اپنائے۔ انہوں نے کہا کہ جماعتی نظم و ضبط باہمی رابطے اور فکری تربیت کے ذریعے کارکنان اپنی ذمہ داریوں کو بہتر انداز میں ادا کر سکتے ہیں موجودہ حالات میں نوجوانوں کی دینی و اخلاقی تربیت اور انہیں اکابر کی روشن روایات سے وابستہ رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دریں اثناء جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ضلعی مجلسِ عاملہ کا اجلاس آج دوپہر 12 بجے جبکہ تحصیلوں اور یونٹوں کے امراء و نظماء کا نمائندہ اجلاس شام 4 بجے ضلعی سیکرٹریٹ سپنزر پلازہ اینگل روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوگا۔ اعلامیے کے مطابق اجلاس میں 8 اکتوبر کو منعقد ہونے والی ضلعی جنرل کونسل کی تیاریوں دعوت ناموں کے اجراء متعلقہ اراکین تک دعوت ناموں کی بروقت ترسیل اور دیگر تنظیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ اجلاس میں آئندہ کے لائحہ عمل اور تنظیمی امور سے متعلق اہم فیصلے بھی کیے جائیں گے۔

رقصِ بہارِ پنجاب



تحریر: عباس مہد

تاریخ کی تاریخ دانیاں جب کسی خطے کی تقدیر کا احاطہ کرتی ہیں، تو ایوانِ اقتدار کے شاندار در و دیوار یا بلند بانگ بیانیے نہیں، بلکہ زمین سے جڑے وہ نقوشِ عمل یاد رکھے جاتے ہیں جو عوامی مسرت اور سماجی بہبود کی صورت میں پھوٹتے ہیں۔ جنوبی ایشیا کے دل، یعنی خطۂ پنجاب میں گزشتہ مد و جزر کے بعد انتظامی بصیرت اور ترجیحاتی تدبیر کا جو نیا سورج طلوع ہوا ہے، اس نے "خوشحال پنجاب" کے تصور کو محض ایک سیاسی نعرے کے سانچے سے نکال کر ایک ٹھوس، ملموس اور درخشندہ حقیقت میں ڈھال دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب جس معاشی، سماجی اور ساختیاتی تبدیلی کی راہ پر گامزن ہے، وہ محض روایتی سیاست کا حصہ نہیں، بلکہ ایک ایسی طرزِ حکمرانی (Governance Paradigm) کی نوید ہے جہاں ہر اینٹ پر عوامی خوشحالی کی مہر ثبت ہے۔ کسی بھی معاشرے کی روح اس کے سب سے محروم طبقے کی حالتِ زار میں دھڑکتی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے "نگہبان رمضان راشن پروگرام" سے لے کر "ہم قدم" اور سوشل ویلفیئر اصلاحات تک، ریاست کے چھت کا سایہ ہر اس دہلیز تک پہنچا ہے جہاں پہلے غربت اور یاسیت کی تاریکی تھی۔ لاکھوں مستحق خاندانوں کی ان کی دہلیز پر باوقار امداد، راشن کی منصفانہ اور شفاف فراہمی، اور انفارمیشن ٹیکنالوجی و کیو آر کوڈز کے مربوط نظام کے ذریعے شفافیت کو یقینی بنانا اس بات کا ثبوت ہے کہ ریاست اب شا کی شہری کی جگہ خود اس کے قدموں میں ریلیف لے کر کھڑی ہے۔ اس سماجی ڈھانچے نے نہ صرف غربت کے زہر کو کم کیا ہے بلکہ دیہی و شہری پنجاب کے غریب انسان کے وجود میں یہ اعتماد بیدار کیا ہے کہ وہ تنہا نہیں ہے۔ حکمرانی کی اصل خوبصورتی اور معروضی کسوٹی اس کا صحتِ عامہ کا نظام ہوتا ہے۔

مریم نواز کے دورِ حکومت میں "کلینک آن ویلز" (Wheels on Clinic) اور "فیلڈ ہسپتال" کا جو بے مثال معمار کھڑا کیا گیا، اس نے پنجاب کے دور دراز علاقوں، قصبات اور تھل و چولستان جیسے وادیوں میں طبی خدمات کی نئی تاریخ رقم کی ہے۔ جہاں ماضی میں علاج کے لیے غریب شہریوں کو صدائے احتجاج بلند کرنی پڑتی تھی، وہاں اب جدید آلات سے لیس گاڑیاں اور ماہر ڈاکٹرز خود کسان کی بستی تک پہنچ رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ "ایئر ایمبولینس سروس" کا تاریخی قیام، جو پاکستان کی تاریخ کا پہلا خلائی اور ہنگامی ریلیف کا منصوبہ ہے، اس فکر کا مظہر ہے کہ انسانی زندگی کا تحفظ ہر ترجیحاتی ترجیح سے بلند ہے۔ ہسپتالوں میں مفت ادویات کی بحالی اور بائیو میٹرک حاضری نے ڈسپنسری سے لے کر ٹیچنگ ہسپتالوں تک انتظامی نظم و ضبط کا نیا سنگِ میل قائم کیا ہے۔ پنجاب کا نوجوان، جو کسی بھی ملکی پیش رفت کا اصل اور متحرک ایندھن ہے، اس عہد میں محض خواب دیکھنے والا نہیں بلکہ خوابوں کی تعبیر پانے والا بن چکا ہے۔ "وزیر اعلیٰ یوتھ لون سکیم" اور "سکالرشپ پروگرامز" کے ذریعے ہنرمند اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کے ہاتھوں میں کشکول کے بجائے خودداری کا زرق برق استعار تھما دیا گیا ہے۔ "الیکٹرک بائیکس سکیم" نے جہاں طلبہ کو محفوظ، جدید اور ماحول دوست سواری کی سہولت فراہم کر کے ان کے تعلیمی سفر کو آسان بنایا، وہاں "سی ایم لیپ ٹاپ سکیم" کی بحالی نے پنجاب کے نوجوان کو اکیسویں صدی کی تکنیکی اور گلوبل مارکیٹ کا باوقار کھلاڑی بنا دیا ہے۔ یہ انقلابی اقدام محض گاڑیوں یا ڈیوائسز کی تقسیم نہیں، بلکہ اگلی نسل کی تعلیمی و معاشی خودمختاری کا وہ زرخیز بیج ہے جو آنے والے ادوار میں ثمر آور ہوگا۔ زراعت، جو پنجاب کے وجود کی شریان اور معیشت کی روح ہے، اس نئے انتظامی ماڈل میں محوری نقطہ بنی ہے۔ "کسان کارڈ" کی صورت میں پنجاب کے کاشتکار کو ایک ایسا جامع معاشی حصار فراہم کیا گیا ہے جس نے اسے آڑھتی کے استحصال اور مہنگے کھاد و بیج کے چنگل سے آزاد کر دیا ہے۔ اربوں روپے کے اس زرعی پیکج، سولر ٹیوب ویل سکیم اور زرعی اصلاحات نے نہ صرف فصلوں کی پیداواری صلاحیت کو جلا بخشی ہے بلکہ پنجاب کو غذائی خود کفالت (Food Security) کا ناقابلِ تسخیر قلعہ بنا دیا ہے۔ کسان کے چہرے کی مسکراہٹ اور کھیتوں کی ہریالی دراصل "خوشحال پنجاب" کے اس خواب کا قصیدہ ہے جو حقیقت کے قالب میں ڈھل چکا ہے۔ جدید بنیادی ڈھانچے اور ماحولیاتی تحفظ کے بغیر خوشحالی کا تصور ادھورا رہتا ہے۔ "اپنی چھت، اپنا گھر" منصوبہ اس طبقے کے لیے امید کا سورج بن کر ابھرا ہے جو زندگی بھر کی کمائی کے بعد بھی اپنے ذاتی مکان کی حسرت دل میں لیے دنیا سے رخصت ہو جاتا تھا۔ بغیر سود کے آسان اقساط پر چھت کی فراہمی نے ہزاروں خاندانوں کو ان کی اپنی زمین اور وقار بخشا ہے۔ اس کے متوازی، "دستک ایپ" جیسے ای گورننس کے جدید اقدامات نے بیوروکریسی کے فرسودہ رویوں کو ختم کر کے تمام سرکاری خدمات کو شہری کی ایک ہی انگلی کی جنبش پر لا کھڑا کیا ہے۔ "سموگ فری پنجاب" کی سنجیدہ کوششیں، الیکٹرک بسوں کا قیام، اور صفائی کا مربوط نظام اس بات کا گواہ ہیں کہ یہ حکومت محض عارضی ریلیف نہیں بلکہ پائیدار اور ماحول دوست مستقبل کی عمارت تعمیر کر رہی ہے۔ تحلیلی خلاصہ اور فکرِ فردا کا حتمی نچوڑ یہی ہے کہ مریم نواز کا مرتب کردہ "خوشحال پنجاب" کا خاکہ محض کاغذ کے صفحات پر لکھی تحریر نہیں، بلکہ زمین پر سانس لیتی ایک جیتی جاگتی تبدیلی ہے۔ جب ریاست اپنے وسائل کی برچھیوں کو عوام کے زخموں کے لیے مرہم بنا دیتی ہے، تو تقدیر کا دھارا خود بخود بدل جاتا ہے۔ پنجاب میں جاری یہ ہمہ گیر، سائنسی اور شفاف ترقیاتی سفر اس حقیقت کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ اگر نیت میں صداقت، بصیرت میں پختگی اور انتظامی امور میں استحکام ہو، تو ریگزار بھی گل گلزار بن جاتے ہیں اور عوام کا ہر محروم طبقہ خوشحالی کے سفر کا ہم رکاب بن جاتا ہے۔

☆☆☆☆

(01)

بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے مختلف علاقوں میں 71 سے زائد دہشت گردوں کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اتوار کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو کلیئر کر کے مقامی آبادی کو فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خطرے سے نجات دلائی، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی سرزمین سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ہمارا عزم ہے، عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی۔

(02)

سے ریلیف نہیں دی جاتی، دھمکی آمیز گفتگو اگر کسی وزیر نے بھی کی ہے تو وہ بھی غلط ہے، اگر حکومت نے کی ہے تو وہ بھی غلط ہے، لیکن لانگ مارچ کی ایک حد ہوگی، پی ٹی آئی کا لانگ مارچ نہیں ہوگا، حکومت لانگ مارچ نہیں کرنے دے گی، 4 اکتوبر کے لانگ مارچ سے پہلے خیبر پختونخوا کی حکومت ختم ہوجائے گی، چاہے ایمرجنسی لگے یا گورنر راج لگے، لیکن اس طرح ملک نہیں چل سکتا۔ میرا خیال ہے کہ اس کے بعد بھی پی ٹی آئی کو بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

(03)

نیٹ ورک میں آپٹیکل فائبر کا فالٹ دور کر دیا گیا ہے، فالٹ ختم ہونے کے بعد انٹرنیٹ سروسز مکمل طور پر بحال ہیں۔ اس سے قبل یہ اطلاعات سامنے آئی تھیں کہ جڑواں شہروں راولپنڈی اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں انٹرنیٹ سروس ڈاؤن ہوگئی ہیں جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ پی ٹی اے کا ابتدائی بیان میں کہنا تھا کہ آپٹیکل فائبر کیبل کٹنے سے ایک ٹیلی کام آپریٹر کی سروس متاثر ہوئی، آپٹیکل فائبر کیبل کٹنے کے باعث چند سروس فراہم کنندگان کے نیٹ ورک میں جزوی خرابی دیکھی گئی ہے۔

(04)

کے علاقے شعبان میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان سے منسلک دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی نشاندہی کی، جس کے بعد سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس اطلاعات کی بنیاد پر کارروائیاں شروع کیں۔ 21 ستمبر کو زیارت اور گرد و نواح میں شروع ہونے والی کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے کلیئر کیے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن میں شدت لاتے ہوئے گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران مزید 23 دہشت گرد ہلاک کیے گئے، جبکہ 25 ستمبر کو نوشکی میں ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو نشانہ بنایا گیا، جس میں 11 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ اسی دوران مند کے علاقے میں کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے منسلک 6 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا جبکہ متعدد علاقوں کو کلیئر کر کے مقامی آبادی کو درپیش خطرات کم کیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران بلوچستان میں مختلف کارروائیوں کے نتیجے میں 71 سے زائد دہشت گرد ہلاک ہو چکے ہیں۔ آئی ایس پی آر نے اپنے بیان میں دہشت گردی کے خلاف جاری مہم کو عزم استحکام کے فریم ورک کے تحت جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رکھیں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خطرے کے مکمل خاتمے تک کلیئرنس آپریشن جاری رہے گا۔ بیان میں افغان طالبان حکومت کے دہشت گردی میں مبینہ کردار اور بھارت کی جانب سے مبینہ معاونت کے حوالے سے بھی الزامات عائد کیے گئے ہیں، تاہم یہ موقف آئی ایس پی آر کا بیان کردہ موقف ہے۔

(05)

ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے کامیاب آپریشنز کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت قوم کا سرمایہ افتخار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک آپریشنز جاری رہیں گے۔

(06)

اپنے ایک بیان میں عباس عراقچی نے کہا کہ تہران نے نیویارک میں ہونے والی ملاقاتوں کے دوران آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے اور مذاکرات کو آگے بڑھانے کیلئے اپنی شرائط پیش کی تھیں۔ یہ شرائط ثالثوں کو سمجھا دی گئی تھیں، جنھوں نے بعد ازاں انھیں امریکا تک پہنچایا۔ عباس عراقچی نے کہا کہ ہم ثالثوں کے ذریعے حتمی مؤقف پہنچائے جانے کا انتظار کر رہے ہیں اور اسی کی بنیاد پر فیصلہ کریں گے۔ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے یا مذاکرات کو آگے بڑھانے میں کسی بھی پیشرفت کا انحصار تہران کی شرائط پوری کیے جانے پر ہوگا، ہماری شرائط واضح ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ مذاکرات کے ذریعے حل ہی آگے بڑھنے کا واحد قابلِ عمل راستہ ہے، تہران نے سفارتی راستہ کھلا رکھا ہے۔ واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی جانب سے پیش کیا گیا 7 روزہ منصوبہ مسترد کر دیا اور مڈٹرم انتخابات کے بعد دوبارہ ایران پر بمباری کا امکان بھی ظاہر کیا ہے۔

(07)

ہر شکایت پر بروقت پیش رفت نظر آنی چاہیے۔ وفاقی

(13)

بنیادی جزو سے خالی ہو جائے گا۔

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں امریکا کی پالیسیوں پر بالواسطہ تنقید کرتے ہوئے خلیجی ممالک کی خودمختاری اور سلامتی کے احترام پر زور دیا ہے اور

وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاہور میں این سی آئی اے سینٹرل زون ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا جہاں ان کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں سائبر کرائمز کے خلاف جاری آپریشنز اور تحقیقات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

شخص کو عالمی سطح پر مزید اجاگر کرنے میں مدد ملے گی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان کے قدرتی اور تاریخی سیاحتی مقامات کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کے لیے بنیادی ڈھانچے کی بہتری، سڑکوں، مواصلاتی سہولیات، رہائش اور دیگر ضروری

امارات نے تمام ایرانی ایئرلائنز کا آپریشن روک دیا ہے۔ اس کے علاوہ عراق، آذربائیجان اور جارجیا جیسے ممالک نے بھی ایرانی طیاروں کو اپنی سرزمین پر اترنے کی اجازت معطل کر دی ہے، جس کی وجہ سے ایران کا بین الاقوامی فضائی رابطہ اور سفر شدید متاثر

چوکیوں پر قبضہ کر لیا۔ تازہ لڑائی اس وقت شروع ہوئی جب طالبان نے افغانستان فریڈم فرنٹ کی پوزیشنوں پر قبضے کی کوشش کی۔ افغانستان فریڈم فرنٹ کے مطابق دونوں اضلاع میں شدید جھڑپیں جاری ہیں۔ اس سے قبل ایک ہفتے کے دوران کابل،

ڈی جاریک نے کہا کہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل وزیراعظم شہباز شریف کے کردار کو بھی سراہتے ہیں، پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صفِ اول کا کردار ادا کر رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے ترجمان نے افغان عبوری حکومت پر زور دیا کہ وہ اپنی

(01)

پی ٹی آئی کی جانب سے مارچ 4 اکتوبر تک موخر کئے جانے کے باوجود اسلام آباد میں کنٹینرز اور اضافی پولیس نفری موجود ہے۔ رپورٹ کے مطابق سیکیورٹی انتظامات کے لئے اسلام آباد میں 1550 کنٹینرز لگائے گئے ہیں، جن کا یومیہ کرایہ 4 کروڑ 65 لاکھ روپے بنتا ہے، کنٹینرز کا ایک ہفتے کا کرایہ 32 کروڑ 55 لاکھ جبکہ دو ہفتوں کا خرچ 65 کروڑ 10 لاکھ روپے ہوگا۔ اسلام آباد پولیس نے سیکیورٹی انتظامات کے لئے 82 کروڑ روپے مانگ لئے ہیں، جبکہ مجموعی سیکیورٹی اخراجات ایک ارب روپے سے تجاوز کرنے کا امکان ہے۔ پنجاب سے 16 ہزار پولیس اہلکار طلب کئے گئے ہیں، پنجاب پولیس کے اہلکاروں کے کھانے پر روزانہ 96 لاکھ روپے اور ایک ہفتے میں 6 کروڑ 72 لاکھ روپے خرچ ہونے کا تخمینہ ہے، جبکہ سندھ پولیس کے کھانے پر دو ہفتوں میں ایک کروڑ 68 لاکھ روپے خرچ ہوں گے۔ سیکیورٹی انتظامات کیلئے 70 کوسٹرز اور 30 ڈبل کیبن گاڑیاں بھی کرائے پر حاصل کی گئی ہیں۔ 70 کوسٹرز کا یومیہ کرایہ 10 لاکھ 50 ہزار روپے جبکہ 30 ڈبل کیبن گاڑیوں کا یومیہ کرایہ 3 لاکھ روپے ہے۔

(02)

کے علم، تجربے اور بصیرت سے بھرپور استفادہ کیا ہوگا اور باہمی مکالمے اور مشاورت کے ذریعے بلوچستان اور پاکستان کو درپیش اہم چیلنجز کا بہتر ادراک حاصل کیا ہوگا لہٰذا اب اس اجتماعی دانش کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا ہی اس ورکشاپ کی حقیقی کامیابی ہوگی۔ میں 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے منتظمین اور تمام معزز شرکاء کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ اس ورکشاپ کے فکری مباحث اور کورس بلوچستان اور پاکستان کی پائیدار ترقی کیلئے عملی رہنمائی فراہم کریگی۔ اس موقع پر بریگیڈیئر خاقان سرور بھی موجود تھے۔ نیشنل ورکشاپ کی اختتامی تقریب کے شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ آج جب آپ اس ورکشاپ سے واپس جائیں گے تو آپ کی ذمہ داریاں ختم نہیں بلکہ مزید بڑھ چکی ہیں۔ آپ سے توقع ہے کہ یہاں حاصل ہونے والے علم، تجربے اور بصیرت کو اپنے اپنے ادارے، شعبے اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کیلئے استعمال کرینگے۔ ہمیں بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار اور ہنرمندی کے مواقع پیدا کرنے، معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے، سماجی انصاف کو مضبوط بنانے اور معاشی عدم استحکام جیسے مسائل سے نمٹنے کیلئے مشترکہ اور دیرپا حکمتِ عملی اپنانا ہوگی۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کو وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کے خطوں سے جوڑنے کی جغرافیائی صلاحیت رکھتا ہے۔ گوادر اور دیگر ساحلی علاقوں سے لے کر معدنی اور زرعی خطوں تک، صوبے کے مختلف حصے پاکستان کی معاشی ترقی اور خطے کی رابطہ کاری میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ بلوچستان کی ترقی صرف ایک صوبے کی ترقی نہیں بلکہ پاکستان کی مجموعی معاشی اور قومی ترقی سے گہرا تعلق رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اپنے وسیع رقبے، منفرد جغرافیائی محلِ وقوع، طویل ساحلی پٹی، قدرتی وسائل اور معدنی ذخائر کے باعث پاکستان میں غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ صوبے میں بلیو اکانومی، معدنیات، توانائی، زراعت، سیاحت اور ریجنل تجارت کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ ایسے علمی و فکری اجتماعات محض معلومات کے تبادلے کا ذریعہ نہیں ہوتے بلکہ مختلف شعبوں کے تجربات، خیالات اور نقطہ نظر کو یکجا کر کے قومی مسائل کے حل کیلئے نئی سوچ اور قابل عمل راستوں کی بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ آخر میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے اکیسویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کی اختتامی تقریب کے شرکاء میں اسناد اور یادگاری شیلڈز تقسیم کیے گئے۔

(03)

قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق سینیٹر محمد اورنگزیب نے فرض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے دہشتگرد حملے میں شہید ہونے والے کسٹمز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی بہادری، فرض شناسی اور قربانی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کو کسی بھی بزدلانہ دہشتگرد کارروائی سے کمزور نہیں کیا جاسکتا۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ ملک کے امن و سلامتی کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی قربانیاں گراں قدر ہیں۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے، امن و سلامتی کے لیے کوششیں جاری رہیں گی۔

(04)

ٹریفک کی آمد و رفت معمول پر آگئی۔ علاوہ ازیں اٹک پل پر رکاوٹیں ہٹادی گئیں۔

(05)

آفریدی کو بانی پی ٹی آئی کا مکمل اعتماد حاصل ہے اور پی ٹی آئی بھی ان کی مکمل حمایت کرے گی۔ چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ سب کو سمجھنا ہوگا کہ یہ حالات کو خراب کرنے کا وقت نہیں، اس وقت سب کو کوشش کرنی چاہیے کہ ملک کے حالات بہتر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صورتحال کو مزید خراب ہونے سے بچانے کے لیے کوششیں کی جارہی ہیں۔

(06)

دفاع پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ پوری قوم شہداء کے خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم، پاک فوج، پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کا عزم غیر متزلزل ہے۔ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے حالیہ کارروائیوں کے دوران دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرکے یہ ثابت کیا ہے کہ ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائی کا سلسلہ پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ملک بھارت کے ٹکڑوں پر پلنے والے مفاد پرست عناصر معصوم نوجوانوں کو ورغلا کر ان کو اندھیروں میں دھکیل رہے ہیں اور خود اور اپنے بچوں کو اپنے مقاصد میں شامل نہیں کرتے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مزید کہا کہ دہشت گرد کبھی بھی بلوچستان سے مخلص نہیں ہو سکتے۔ وہ جان بوجھ کر بلوچستان کے معصوم نوجوانوں کے مستقبل کو تاریک کر رہے ہیں کیونکہ یہی نوجوان اپنی صلاحیتیں استعمال کرکے بلوچستان کے لئے اپنا مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں لیکن بدبخت دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لئے انہیں موت کے منہ میں دھکیل رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گرد چاہے کسی بھی نام یا تنظیم کے پردے میں کارروائیاں کریں، ان کا مقصد پاکستان میں بدامنی، خوف اور انتشار پیدا کرنا ہے، لیکن وہ اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ قوم اور سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے

مکمل خاتمے کے لیے ایک صفحے پر ہیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ دہشت گردوں کے ساتھ ساتھ ان کے سہولت کاروں، معاونین اور مالی و انتظامی نیٹ ورک کے خلاف بھی بلاامتیاز کارروائی ضروری ہے۔ دہشت گردی کے اس پورے نیٹ ورک کو ختم کیے بغیر مستقل امن کا قیام ممکن نہیں۔ انہوں نے افغانستان کو بھی واضح پیغام دیتے ہوئے کہا کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ افغانستان کی عبوری حکومت کو چاہیے کہ وہ اپنی سرزمین پر موجود بی ایل اے اور ٹی ٹی پی سمیت پاکستان مخالف مسلح عناصر کے خلاف قابلِ اعتماد، مؤثر اور عملی اقدامات کرے اور انہیں پاکستان کے خلاف کارروائیوں کے لیے اپنی سرزمین استعمال کرنے کی اجازت نہ دے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان دونوں ہمسایہ اور برادر اسلامی ممالک ہیں۔ دونوں ملکوں کے عوام امن، استحکام اور باہمی تجارت کے خواہاں ہیں۔ اگر دہشت گرد گروہوں کے خلاف مؤثر اقدامات کیے جائیں اور ایک دوسرے کے خلاف الزامات کے بجائے عملی تعاون کو فروغ دیا جائے تو پاک افغان تعلقات میں بہتری اور حالات کو معمول پر لانے کی راہ ہموار ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امن چاہتا ہے، لیکن اپنی سرزمین، عوام اور قومی سلامتی کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے شہداء کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحت یابی اور ملک میں پائیدار امن و سلامتی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف قومی عزم پہلے سے زیادہ مضبوط ہے اور ریاستی ادارے پوری قوم کے تعاون سے دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کریں گے۔

(07)

آبدوز فورس کی غیر معمولی آپریشنل تیاری، پیشہ ورانہ مہارت اور بلند جنگی صلاحیت کا واضح ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ملک کے دفاع اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ پاک بحریہ کی جدید آبدوز کی کامیاب ہتھیاروں کی فائرنگ ملک کی دفاعی صلاحیت اور پیشہ ورانہ تیاری کی عکاس ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف اور پی این ایس رایم ہنگور کی شمولیت اور آپریشنلائزیشن کے عمل سے وابستہ تمام افسران، اہلکاروں اور عملے کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو بھی سراہا۔ انہوں نے پاکستان بحریہ کے افسران اور جوانوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو اپنی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دفاع وطن کے لیے ان کی خدمات پر فخر ہے۔

(08)

مخصص ہیں انہوں نے کہا کہ شیر افضل مروت نے عمران خان کے خلاف پٹیشن جمع کرائی ہے، پی ٹی آئی نے شیر افضل مروت کو کوئی نوٹس نہیں دیا، علی امین گنڈا پور کے کہنے پر شیر افضل مروت عدالت گئے گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ یہ کبھی نہیں چاہتے کہ عمران خان جیل سے باہر آئیں، جب سابق وزیراعظم جیل سے باہر آئے گا تو ان کے سونے کے انڈے دینے والی مرغی ذبح ہوجائے گی جھنڈا کبرنے خود کہا جنہوں نے بانی کے نام پر کمایا وہ ابھی خرچ کریں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبے میں دہشت گردی بڑھ رہی ہے، صوبائی حکومت ٹس سے مس نہیں ہورہی، یہ آج بھی کہتے ہیں افغانستان سے بات چیت ہونی چاہیے، انہوں نے بھی دہشت گردوں کے خلاف قرارداد پاس کرائی ہے؟ انہوں نے کہا کہ جب بھی صدر مملکت صوبے کی بہتری کے لیے سوچیں گے بہتر ہوگا، ڈسکشن کی ضرورت ہی نہیں جو صدر مملکت کہیں گے اس پر عملدرآمد ہوگا خیبر پختونخوا جل رہا ہے، شام کے بعد کوئی گھوم نہیں سکتا گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ وزیراعظم نے متعدد بار مذاکرات کی دعوت دی ہے، پی ٹی آئی میں کون سا بندہ ہے جس سے بات کی جائے؟ پی ٹی آئی میں چار سے پانچ فرنچائز ہیں، کس سے بات کی جائے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ 4 اکتوبر بھی آجائے گی، دیکھیں گے کتنے بندے نکلتے ہیں، وفاق کے ساتھ بیٹھیں، مل کر دہشت گردی کا مقابلہ کریں، دہشت گردوں کے سہولت کار نہ بنیں انہوں نے کہا کہ میڈیکل رپورٹ کے مطابق عمران خان مکمل صحت مند ہیں، ملاقات کے بعد یہ مزید جلاگھیرا کی بات کریں گے پی ٹی آئی کو عدالت جانا چاہیے، اگر عمران خان بے گناہ ہیں تو انہیں ضمانت مل جائے گی۔

(09)

طور پر عائد کی گئی فضائی پابندیوں کو ختم کرانے کیلئے متعلقہ ممالک کے ساتھ مذاکرات سنجیدگی سے جاری ہیں۔ کی بیان کے مطابق اگر ضرورت پڑی تو مخصوص ہوائی اڈوں کے خلاف مختلف غیر فوجی جوابی اقدامات اختیار کیے جاسکتے ہیں، تاہم امید ہے کہ صورتحال کو اس مقام تک پہنچنے کی نوبت نہیں آئے گی۔

(10)

چھٹہ خان، کشمیر بمبان اور محسن خان لونی شامل ہیں۔ امن کمیٹی کے سید معصوم علی شاہ کو بھی کابینہ میں شامل کیا گیا۔ اس موقع پر نومنتخب صدر حاجی عبدالقدیر قریشی کو حاجی محمد یوسف بنگلزئی، چھٹہ خان رڈ اور عثمان ادبی کی جانب سے بلوچی پگڑی پہنائی گئی اور انہیں نئی ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی گئی۔ بعد ازاں گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن حقیقی نصیرآباد کے تمام نومنتخب عہدیداران سے حلف بھی لیا گیا۔ تقریب کے موقع پر بینظیر بھٹو ڈسٹرکٹ پریس کلب نصیرآباد کے صدر روشہری ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکریٹری عبدالرزاق بنگلزئی، نصیرآباد کے معروف گورنمنٹ کنٹریکٹر حاجی یوسف بنگلزئی، حاجی محمد یوسف جتک، میر گل حسن پھڑ، عثمان ادبی، اپرکا نصیرآباد کے بابو برکت گولہ، انجمن تاجران کے صدر تاج بلوچ، اشرف جتک، انجمن تاجران کے رہنما لیاقت چکھڑا مدرڈ سمیت مختلف سیاسی، سماجی، کاروباری شخصیات اور گورنمنٹ کنٹریکٹرز نے نومنتخب صدر اور دیگر عہدیداران کو مبارکباد پیش کی۔ مبارکباد دینے والوں نے امید ظاہر کی کہ نئی کابینہ گورنمنٹ کنٹریکٹرز کو درپیش مسائل کے حل، ان کے جائز حقوق کے تحفظ اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر رابطے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی۔ نومنتخب صدر اور دیگر عہدیداران نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسوسی ایشن کو مزید منظم اور فعال بنانے، کنٹریکٹرز کے مسائل اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

(11)

کے لیے کوئٹہ سمیت دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا تھا جس سے انہیں شدید مالی اور سفری مشکلات کا سامنا رہتا تھا۔ اب مقامی سطح پر ڈائیلاسز کی سہولت دستیاب ہونے سے مریضوں کا قیمتی وقت اور

اخراجات دونوں کی بچت ہوگی جبکہ بروقت علاج کی فراہمی سے انسانی جانوں کے تحفظ میں بھی مدد ملے گی۔ عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ زیارت کی جانب سے صحت کے شعبے میں اس اہم اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ مستقبل میں بھی عوام کو مزید جدید طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

(12)

بدر البوسعیدی کا کہنا ہے کہ فریقین کو سیاسی حل اور پائیدار معاہدوں تک پہنچنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عمان مشرق وسطیٰ تنازع میں ثالثی کی کوششیں جاری رکھنے کیلئے تیار ہے۔ عمانی وزیر خارجہ کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت کی سیکیورٹی برقرار رکھنے کی کوششوں کیلئے پرعزم ہیں۔

(13)

پر قائم ہے۔ اسے خواتین کی تضحیک، کردار کشی یا نفرت پھیلانے کے لیے استعمال کرنا پشتون اقدار کی کھلی توہین ہے انہوں نے کہا کہ 23 ستمبر کو بلوچستان یونیورسٹی اور نوری نصیر خان کمپلیکس میں منعقدہ پشتون کلچر ڈے کے بعد بعض عناصر اور سوشل میڈیا پیجز کی جانب سے خواتین طالبات کی اجازت کے بغیر ان کی تصاویر اور ویڈیوز بنانا، انہیں توہین آمیز اور گالیوں پر مبنی مواد کے ساتھ سوشل میڈیا پر پھیلانا اور انہیں ہراساں و بدنام کرنے کی کوشش انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے کسی بھی خاتون کی رضامندی کے بغیر اس کی تصویر یا ویڈیو کو بدنیتی سے استعمال کرنا محض اختلاف رائے نہیں بلکہ اس کی نجی زندگی، عزت اور بنیادی حقوق پر حملہ ہے۔

(14)

قابل قبول نہیں۔ نیشنل پارٹی نے اپنے سخت اور دوٹوک بیان میں کہا کہ ریکوڈک بلوچستان کی سرزمین اور وسائل سے وابستہ ایک اہم منصوبہ ہے، اس لیے یہاں کام کرنے والے مقامی اور بلوچ ملازمین کے ساتھ دوسرے صوبوں سے آنے والے ملازمین کے مقابلے میں کسی بھی قسم کا امتیازی سلوک ناانصافی اور قابل مذمت اقدام ہے انہوں نے کہا کہ بلوچ ملازمین کو چھٹی پر روانگی کے وقت مبینہ طور پر چھ نمبر گیٹ پر لاوارث چھوڑ دیا جاتا ہے، جہاں سے انہیں اپنے آبائی علاقوں تک پہنچنے کے لیے خود مشکلات برداشت کرنا پڑتی ہیں، جبکہ ان کی تنخواہوں سے مبینہ طور پر چھٹی پر جانے کی کٹوتیاں بھی کی جاتی ہیں۔ دوسری جانب باہر سے آنے والے ملازمین کے لیے جہاز کے ذریعے کراچی اور پھر کراچی سے ان کے آبائی علاقوں تک سفری سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ جو ایک ہی ادارے میں کام کرنے والے ملازمین کے درمیان واضح اور ناقابل جواز تفریق ہے بیان میں کہا گیا کہ مقامی بلوچ ملازمین کو کمپنی میں صرف مزدور سمجھنے کی پالیسی اب مزید برداشت نہیں کی جائے گی۔ جو ملازمین ریکوڈک جیسے مشکل اور دور دراز علاقے میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں

(15)

مدد حاصل کرنے کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق دہشتگردوں نے پولیس لائنز تک پہنچنے کیلئے بارودی مواد سے بھری گاڑی کے علاوہ رکشہ اور موٹر سائیکل بھی استعمال کی، خودکش بمبار رکشے میں جبکہ 2 دہشتگرد موٹر سائیکل پر پولیس لائنز تک پہنچے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ہلاک دہشتگرد پولیس لائنز حملے کے لیے آئی ای ڈیز، دستی بم اور بھاری اسلحہ ساتھ لائے تھے، جبکہ واردات سے قبل دہشتگردوں نے پولیس لائنز کی کئی بار ریکی بھی کی۔ تفتیشی حکام کے مطابق حملے میں ملوث سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں، سہولت کاروں میں دہشتگردوں کو مکان فراہم کرنے اور پولیس لائنز تک رسائی ممکن بنانے والے افراد شامل ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ واقعے سے متعلق کچھ اہم شواہد فرانزک تجزیے کے لیے بھجوائے گئے ہیں، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

(16)

، تمام ممالک میں نئے انتظامی یونٹ بنتے ہیں، یہ کوئی انہونی بات نہیں۔ لیکن ہر فیصلے کا ایک وقت، ایک ماحول اور ایک تیاری ہوتی ہے۔ آج پاکستان میں نہ وہ ماحول موجود ہے، نہ کوئی آئینی، انتظامی اور عوامی تیاری ہے۔ یہ محض چند لوگوں کی ذاتی خواہش ہے جسے جبراً پوری قوم پر مسلط کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ نئے صوبوں کی آڑ میں اصل مقاصد کیا ہیں؟ جمیعت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے نزدیک اس کے دو بڑے محرکات ہیں اٹھارویں آئینی ترمیم میں یہ طے ہوا تھا کہ قومی محصولات میں صوبوں کے حصے میں اضافہ تو کیا جا سکے گا، کمی نہیں کی جا سکے گی۔ جب یہ طے ہوا تھا تو صوبوں کا حصہ تقریباً 49 فیصد تھا، جو بڑھتے بڑھتے آج 56 سے 57 فیصد تک پہنچ چکا ہے۔ مرکز میں بیٹھی قوتیں اس آئینی تحفظ کو ختم کرنا چاہتی ہیں۔ صوبوں کو توڑ کر از سر نو این ایف سی ایوارڈ تشکیل دینا چاہتی ہیں تاکہ صوبوں کو مالی طور پر کمزور اور مرکز کو مزید طاقتور بنایا جا سکے۔ اٹھارویں ترمیم کے تحت صوبوں کے اندر موجود تمام معدنی ذخائر صوبوں کی ملکیت ہیں اور ان پر وہاں کے عوام کا حق تسلیم کیا گیا ہے۔ مگر مقتدر قوتیں ہمارے قبائل، ہمارے بلوچ، پشتون اور دیگر صوبوں کے عوام کو ان وسائل کا مالک تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ وہ ان وسائل کو اپنے براہ راست قبضے میں لینا چاہتی ہیں

(17)

شناختی کارڈ بنوانے کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ نادرا کے اعلامیہ کے مطابق 18 سال سے زائد عمر کی ایسی خواتین جن کے پاس برتھ سرٹیفکیٹ موجود نہیں، وہ مقررہ مدت کے دوران شناختی کارڈ کیلئے درخواست دے سکیں گی، شادی شدہ خواتین کمپیوٹرائزڈ نکاح نامے کی بنیاد پر شناختی کارڈ بنوا سکیں گی۔ حکام کے مطابق شادی شدہ خاتون کی درخواست کیلئے اس کے شوہر یا والدین میں سے کسی ایک کی بائیومیٹرک تصدیق لازمی ہوگی۔ اس اقدام کا مقصد شناختی دستاویزات کے حصول کے عمل کو آسان بنانا اور خواتین کو درپیش مشکلات میں کمی لانا ہے۔ نادرا کے مطابق 18 سال سے زائد عمر کی غیر شادی شدہ خواتین کیلئے بھی مخصوص شرائط مقرر کی گئی ہیں۔ ایسی درخواست گزار خواتین کے پاس والدین، بہن یا بھائی میں سے کسی ایک کا شناختی کارڈ ہونا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ غیر شادی شدہ خاتون کی شناخت کی تصدیق کیلئے والدین یا بہن بھائی میں سے متعلقہ فرد کا بائیومیٹرک تصدیق کیلئے ساتھ موجود ہونا بھی ضروری ہوگا۔ نادرا کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کے مطابق یہ خصوصی سہولت محدود مدت کیلئے دستیاب ہوگی۔ شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مقررہ مدت کے دوران متعلقہ نادرا مرکز سے رجوع کر کے ضروری دستاویزات اور بائیومیٹرک تصدیق کے تقاضے پورے کریں۔

(18)

دو ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق گرفتار زخمی ملزم کی شناخت عمران شیخ کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق پولیس اہلکار علاقے میں معمول کے مطابق گشت کر رہے تھے کہ تھیم چوک کے قریب مبینہ طور پر جرم کی نیت سے موجود مسلح افراد نے پولیس کو دیکھ کر فائرنگ کردی۔ پولیس نے جوابی کارروائی کی، جس کے نتیجے میں ایک ملزم زخمی ہوگیا، جسے موقع پر گرفتار کرلیا گیا۔

(19)

روس پر زور دیا کہ وہ جرمنی، یورپ اور نیٹو کے ساتھ کشیدگی بڑھانے کا راستہ ترک کرے۔ وادے فل نے یوکرین جنگ کے حوالے سے فوری اور مکمل جنگ بندی اور بحیرہ اسود کے ذریعے اناج کی برآمدات بحال کرنے کے اقدامات پر زور دیا۔ روسی موف کے مطابق لاوروف نے کہا کہ جرمن وزیر نے ایسی کوئی نئی بات نہیں بتائی جو برلن پہلے ہی اپنے سرکاری بیانات میں نہ کہہ چکا ہو۔ روس کے 2022 کے حملے کے بعد برلن اور ماسکو کے تعلقات شدید خراب رہے ہیں۔ حالیہ کشیدگی میں لیپزگ ہالے ایئرپورٹ پر ڈرون واقعہ بھی شامل ہے، جس کا الزام جرمنی نے روس پر عائد کیا، جبکہ ماسکو نے اس الزام کو مسترد کیا ہے۔ اس ملاقات کو فی الحال روس اور جرمنی کے تعلقات میں مکمل بحالی کی علامت قرار نہیں دیا گیا تاہم چار سال سے زیادہ عرصے بعد دونوں ممالک کے اعلیٰ سفارت کاروں کا براہ راست بیٹھنا ایک اہم سفارتی رابطہ ہے۔

(20)

ہے، اس سے طاقت اور جبر کی زبان میں بات نہیں کی جانی چاہیے۔ اگر ایران پر حملہ کیا گیا تو بھرپور جواب دیا جائے گا اور حملہ آوروں کو اپنا سامان سمیت کرواپس جانا ہوگا۔ ایرانی صدر نے کہا کہ آبنائے ہرمز کا مسئلہ دھمکی یا جبر سے نہیں بلکہ مذاکرات کے ذریعے حل کیا جاسکتا ہے۔ ایران صرف یہ چاہتا ہے کہ امریکا مفاہمت کی یادداشت پر واپس آئے اور اس کی پاسداری کرے۔ مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ جب امریکا پہلے سے طے شدہ باتوں پر عمل نہیں کرتا تو ملاقاتوں سے مسئلہ کیسے حل ہوگا، ایران کیسے یقین کرے کہ امریکا اپنے وعدوں پر عمل کرنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے ایران کے رہنماؤں اور اسکول کے بچوں کو شہید کیا، کیا ایران ان کے پاس ذلت کے ساتھ جا کر مذاکرات کرے؟ ہم مرجائیں گے لیکن ذلت کا طوق قبول نہیں کریں گے۔ ایرانی صدر نے اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ غزہ کو شکست نہیں دے سکا تو ایران میں حکومت کیسے تبدیل کرسکتا ہے۔

(21)

، ملزمان کے نام اسٹاپ لسٹ میں بھی ڈال دیے گئے ہیں۔ پولیس نے بتایا ہے کہ خاتون کا میڈیکل کروا لیا گیا، ابھی بیان دینے کے قابل نہیں، ہوش میں آنے کے بعد متاثرہ خاتون کا بیان لیا جائے گا، ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ واضح رہے کہ غیرملکی خاتون ڈیانا سے اجتماعی زیادتی کا واقعہ جمعے اور ہفتے کی شب پیش آیا تھا۔

(22)

اور ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔ انہوں نے ڈاکٹروں سے زخمیوں کی صحت اور انہیں فراہم کئے جانے والے علاج معالجے کے بارے میں بریفنگ لی۔ بعدازاں علی امین گنڈا پور کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے دکی اور ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت امن وامان کے قیام کے لیے فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور زخمیوں کی مکمل دیکھ بھال صوبائی حکومت کی ترجیح ہے۔ جب دہشت گردی ہورہی تھی تو ہم چیخ رہے تھے کہ کے پی میں دہشت گردی ہورہی ہے، ہم پہلے سے دیکھ رہے تھے اس لئے چیخ رہے تھے۔ انکا کہنا ہے کہ پاکستان کے خلاف جو بھی اسلحہ اٹھاتا ہے وہ دہشت گرد ہے۔ انہوں نے کہا کہ درازندہ میں دھماکے پر افسوس ہوا، دھماکے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ اس جنگ میں صرف عوام نہیں، سیکیورٹی فورسز کے جوان بھی شہید ہورہے ہیں، ہم نے 35 ارب روپے پولیس کو امن کے قیام کے لئے دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے عوام کو اعتماد میں لیے بغیر امن قائم نہیں ہوسکتا، کے پی اور بلوچستان میں حالات خراب ہیں، دہشت گردی کی لہر میں جو شہید ہوگا اسے شہید پیکج دیا جائے گا۔ جس پارٹی کو ہم پر مسلط کیا گیا وہ کہتے ہیں کہ کے پی کے لوگ دہشت گرد ہیں، ہمیں امن پیارا ہے۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ ہمیں احساس ہے کہ ہمارے بچے عورتیں اور جوان شہید ہورہے ہیں، ہمیں اے پی سی نہیں دی جارہی ہے جبکہ ہماری پیمنٹ بھی ہوچکی ہے، وفاق کو کہا کہ اپنی اے پی سی ہمیں دے دیں کیونکہ آپکی اے پی سی ہمارے لئے استعمال ہورہی ہے، جنازے ہم اٹھا رہے ہیں ہمارے صوبہ زخمی ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ جھوٹے بیانیہ سے کے پی عوام جانتی ہے کہ آپکی حیثیت کیا ہے، ہم وفاق سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں اے پی سی جلد دیں، دہشت گردی کو ختم کرنے کیلئے ہم سنجیدہ ہیں، بند کمروں کی پالیسی نہیں مانتے، کے پی عوام کو اعتماد میں لئے بغیر امن قائم نہیں ہوسکتا، پاکستان کے خلاف جو بھی اسلحہ اٹھاتا ہے وہ دہشت گرد ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 27 ستمبر کے احتجاج اور اسلام آباد مارچ کے لیے ان کی تمام تر تیاریاں سو فیصد مکمل تھیں، تاہم انہوں نے تحریک کی کامیابی اور ملکی حالات کے پیش نظر حکمت عملی کے تحت تاریخ میں تبدیلی کا فیصلہ کیا، ورکرز اور قوم بالکل تیار رہے، سہیل آفریدی نے اعلان کیا ہے کہ تحریک انصاف 24 گھنٹے کی مختصر ترین کال پر لانگ مارچ کے لیے نکلنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے، اور 27 ستمبر کی تاریخ میں تبدیلی محض سیاسی و تجارتی حکمت عملی کا حصہ تھی۔

(23)

وزیر پیٹرولیم نے کہا کہ تیل آج 114 ڈالر پر ہے، ڈیزل 114 ڈالر پر تھا آج 160 ڈالر پر ہے، وزیراعظم نے سو روپے لیٹر پیٹرول کی قیمت کم کی، ساٹھ لاکھ سے زائد لوگوں نے اپنی موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں رجسٹرڈ کروائی ہیں جن لوگوں کے پاس بیس سال پرانی موٹر سائیکلیں ہیں ان کی تعداد ساٹھ لاکھ کے قریب ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اور یہ حکومت اس مشکل کی گھڑی میں ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہوگی، اگر دس ماہ اس سسٹم کو چلانا پڑا تو یہ حکومت چار سے پانچ سو ارب روپے اپنے بجٹ سے کاٹ کر عوام پر لگائے گی، وزیراعظم کو آپ کی تکلیف اور مشکلات کا احساس ہے ہم وہ کام نہیں کریں گے جو دو ہزار بائیس میں سابق حکومت نے کیا تھا۔ سرکار سخنہ مات ڈھونڈیں

(24)

کی 81 ویں جنرل اسمبلی کے اعلیٰ سطحی سائیڈ ایونٹ میں سوشل بزنس، یوتھ اور ٹیکنالوجی کے اعلیٰ سطحی فورم سے اہم خطاب کیا۔ خیال رہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی عالمی مسائل، پالیسی سازی اور بین الاقوامی تعاون پر تبادلہ خیال کا اہم عالمی فورم ہے۔ خطاب میں بلال بن ثاقب نے کہا کہ گلوبل ساتھ کو ٹیکنالوجی کے شعبہ میں صرف صارف نہیں بلکہ فیصلہ سازی کا حصہ بننا ہوگا پاکستان ڈیجیٹل

کوشش ہوگی لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ جائے، جنید اکبر

لانگ مارچ کب اور کیسے کرنا ہے اس کا فیصلہ پارٹی قیادت کرے گی، صدر پی ٹی آئی کے پی

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر نے کہا ہے کہ ہماری کوشش ہوگی کہ لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ جائے لیکن ہم اپنے فیصلوں میں بااختیار ہیں کہ مارچ کب اور کیسے کرنا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ سے متعلق ہم نے میٹنگ (باقی صفحہ 3 نمبر 44)

عوامی خدمت اور شفاف نظام ہماری اولین ترجیح ہے، محمد خان لہڑی

محکمے کی کارکردگی میں بہتری اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (جی این ایم) پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز و ٹیکسیشن بلوچستان حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے مؤثر اقدامات اٹھا رہی ہے۔ عوامی خدمت اور اداروں میں بہتری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت (باقی صفحہ 3 نمبر 43)



کوئٹہ: اتوار بازار میں ایک دکاندار پرانے کپڑے سجا کر رکھ رہا ہے

نوابزادہ میر جمال رئیسانی کی ٹانک اور ڈیرہ اسماعیل خان میں خودکش حملوں کی شدید مذمت

کوئٹہ (جی این ایم) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے ٹانک اور ڈیرہ اسماعیل خان میں ہونے والے خودکش حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے ڈیرہ اسماعیل خان دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام کی مسقط آمد، پاکستانی سفیر و کاروباری شخصیات نے استقبال کیا

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائے پی) رانا مشہود احمد خان مسقط پہنچ گئے، پاکستان کے سفیر سید نوید صفدر بخاری نے ایئرپورٹ پر ان کا استقبال کیا، ڈپٹی ہیڈ آف مشن بلال حسن، معروف پاکستانی بزنس مین میاں محمد ریاض اور امیر حمزہ بھی اس موقعے پر موجود تھے۔ پی ایم وائے پی کے اعلامیے کے مطابق رانا مشہود احمد خان کے دورے میں (باقی صفحہ 3 نمبر 41)



کوئٹہ: ماڈل گرلز برائیڈل میک اپ مقابلہ کے لئے ریمپ پر واک کر رہی ہیں

بانی پی ٹی آئی نے سہیل آفریدی کو ہٹانے کی ہدایت نہیں کی: بیرسٹر گوہر

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل خان آفریدی کو بانی پی ٹی آئی کا مکمل اعتماد حاصل ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے خلاف نہ کوئی پیغام بھیجا اور نہ ہی انہیں عہدے سے ہٹانے کی ہدایت کی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے واضح کیا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل خان (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

وفاقی وزیر خزانہ کی ڈی آئی خان میں کسٹمز جوائنٹ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے کی مذمت

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے ڈی آئی خان کے امان میلہ میں کسٹمز جوائنٹ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے اور کسٹمز و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی شہادت کی شدید مذمت کرتے ہوئے دہشتگرد حملے میں (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

اسلام آباد، لانگ مارچ موخر ہونے کے باوجود کنٹینرز کی تعداد میں اضافہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) تحریک انصاف کی جانب سے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کی کال موخر کیے جانے کے بعد بھی اسلام آباد کے ریڈ زون کے اطراف کنٹینرز کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ داخلی و خارجی راستے کھلے ہیں مگر سڑکوں کے قریب کنٹینرز بھی رکھے گئے ہیں۔ ٹیکسلا میں پنجاب کے داخلی راستوں پر رکھے گئے کنٹینرز سائیڈ پر رکھ دیئے گئے ہیں جس کے بعد (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

پی ٹی آئی لانگ مارچ، اسلام آباد میں سیکیورٹی انتظامات پر کروڑوں روپے کے اخراجات

1550 کنٹینرز کا یومیہ کرایہ 4 کروڑ 65 لاکھ روپے، مجموعی اخراجات ایک ارب روپے سے تجاوز کرنے کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے پیشِ نظر وفاقی دارالحکومت میں سیکیورٹی انتظامات پر روزانہ کروڑوں روپے خرچ ہونے کا تخمینہ سامنے آ گیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

اجتماعی دانش کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا ہی نیشنل ورکشاپ کی حقیقی کامیابی ہے، گورنر بلوچستان

بلوچستان کی جغرافیائی و قدرتی صلاحیتیں ملکی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اکیسویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان سے خطاب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس ورکشاپ میں آپ نے ماہرین (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی فضل محمد نورزئی اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

سائبر کرائم کرنے والا چاہے کہیں بیٹھا ہو قانون کی گرفت میں لانا ہے، محسن نقوی

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں قابلِ تحسین، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا

افغانستان کی عبوری حکومت کو چاہیے کہ وہ اپنی سرزمین پر موجود BLA اور TTP سمیت پاکستان مخالف مسلح عناصر کے خلاف قابلِ اعتماد، مؤثر اور عملی اقدامات کرے

اسلام آباد (جی این ایم) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ڈیرہ اسماعیل خان کے درازندہ علاقے میں پولیس اور کسٹمز کی مشترکہ چیک پوسٹ پر خودکش حملے کی شدید مذمت اور رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں مذکورہ خودکش حملے کے نتیجے میں شہید ہونے والے سیکیورٹی اہلکاروں اور شہریوں کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی چیک پوسٹ کو نشانہ بنانا دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی ہے۔ معصوم شہریوں اور وطن کے (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

پی این ایس ایم ہنگور کے پہلے کامیاب براہ راست ہتھیاروں کے تجربے پر سرفراز بگٹی کی مبارکباد

ہنگور کی کامیاب ہتھیاروں کی فائرنگ ملکی دفاعی صلاحیت اور پیشہ ورانہ تیاری کی عکاس ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان بحریہ اور اس کی قیادت کو نئی شامل کی جانے والی آبدوز پی این ایس/ایم ہنگور کے پہلے کامیاب براہ راست ہتھیاروں کے تجربے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اینٹی شپ کروز میزائل کے ذریعے طویل فاصلے پر موجود ہدف کو درستگی کے ساتھ نشانہ بنانا پاکستان بحریہ کی (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

لسبیلہ ایگرو مارٹ کا باقاعدہ افتتاح، زمینداروں اور کاشتکاروں کے لیے زرعی سہولیات کی فراہمی خوش آئند قدم

علاقائی معززین، ممتاز علما اور زمینداروں کی بڑی تعداد میں شرکت، زراعت کے شعبے کی ترقی کے لیے خصوصی دعائیں

بیلا (جی این ایم) لسبیلہ میں زرعی شعبے سے وابستہ زمینداروں اور کاشتکاروں کے لیے بیلا کراس پر واقع پیر بخش مارکیٹ میں لسبیلہ ایگرو مارٹ کا باقاعدہ افتتاح لسبیلہ کے ممتاز (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

بلوچستان کے سیاحتی و ثقافتی ورثے کو قومی و عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے تقریب کا انعقاد

بلوچستان میں سیاحت کے فروغ سے روزگار، کاروبار اور مقامی معیشت کی بہتری ممکن ہے، گہرام بخشی بلوچ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن، پارلیمانی سیکریٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی اور سیکریٹری کلچر و سیاحت حمید اللہ خان ناصر کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ ٹورازم بلوچستان کے زیر اہتمام عالمی یومِ سیاحت کے موقع (باقی صفحہ 3 نمبر 39)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

گنداخہ میونسپل کمیٹی میں کروڑوں کے فنڈز، شہر صفائی سے محروم

13 کروڑ روپے کے ترقیاتی فنڈز کے استعمال پر شہریوں کے تحفظات، شفاف تحقیقات کا مطالبہ

گنداخہ (اے این این) گنداخہ میونسپل کمیٹی میں لاکھوں روپے کے فنڈز موجود ہونے کے باوجود شہر میں صفائی ستھرائی کی ناقص صورتحال نے شہریوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا۔ شہر کے مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیر، گندگی اور نکاسی آب کے مسائل کے باعث شہری بنیادی (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

سومرو قوم کے اتحاد و اتفاق کے لیے عملی جدوجہد جاری ہے، غلام فرید

تنظیمی سرگرمیوں کو مزید فعال بنایا جائے گا نصیر آباد ڈویژن کے تنظیمی اجلاس سے خطاب

خیردین (اے این این) شہید دودو سومرو ویلفیئر آرگنائزیشن پاکستان، ڈویژن نصیر آباد کا اہم تنظیمی اجلاس ڈویژنل صدر غلام فرید عرف جی ایف سومرو کی زیرِ صدارت ڈیرہ اللہ یار مشرقی بائی پاس پر منعقد ہوا، جس کی کارروائی سرپرستِ اعلیٰ عطاء محمد سومرو نے سرانجام دی، جبکہ صوبائی سینئر نائب صدر ایل ڈی سومرو اجلاس کے مہمانِ خصوصی تھے۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن محمد جمن پہنور کا گورنمنٹ مڈل اسکول بھاگیہ خان بلیدی کا تفصیلی دورہ

کلسٹر کی جانب سے فراہم کردہ تعلیمی وسائل کا موثر استعمال یقینی بنایا جائے، طلبہ کو معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنے کی ہدایت

فیض آباد (جی این ایم) نے گورنمنٹ مڈل سکول بھاگیہ خان بلیدی کا تفصیلی تدریسی و انتظامی دورہ کیا۔ دورے کا بنیادی مقصد اسکول میں جاری درس و تدریس کے عمل، اساتذہ وطلبہ کی حاضری، تعلیمی ماحول اور کلسٹر کی جانب سے فراہم کردہ ریڈنگ و رائٹنگ میٹریل، فرنیچر، یونیفارم اور دیگر تعلیمی سامان کے استعمال کا جائزہ لینا تھا۔ معائنے کے دوران اسکول کے مختلف تدریسی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بالخصوص اس امر کا مشاہدہ کیا گیا کہ کلسٹر کی جانب (باقی صفحہ 3 نمبر 34)



کوئٹہ: ایک نوجوان سبزی وفروخت کنندہ اپنے سڑک کنارے قائم کردہ اسٹال پر سبزیاں سجا کر رکھ رہا ہے

مرغی، مٹن، بیف اور انڈے سرکاری نرخ سے مہنگے فروخت ہونے لگے

مرغی کا گوشت سرکاری نرخ 439 کے بجائے 455 روپے کلو میں فروخت

لاہور/کراچی/پشاور/کوئٹہ (اے این این) ملک بھر میں مرغی، مٹن، بیف اور انڈے سرکاری ریٹ سے مہنگے فروخت ہونے لگے جس سے شہریوں کو پریشانی کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مرغی کا گوشت سرکاری ریٹ سے 10 سے 15 روپے مہنگا فروخت ہونے لگا ہے۔ سرکاری قیمت 439 روپے فی کلو مقرر ہے جبکہ پرچون مارکیٹ میں گوشت 455 روپے فی کلو (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

پاکستان کی خودمختاری اور قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، ہمایوں خان

افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے

اسلام آباد (جی این ایم) پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد ہمایوں خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی خودمختاری اور قومی سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، افغان سرزمین سے ڈرون دراندازی قابل مذمت ہے۔ پی پی پی سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں محمد ہمایوں خان نے کہا کہ فضائی حدود کے دفاع میں افواج پاکستان کی بروقت اور موثر کارروائی قابل (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

لڑکیوں کی تعلیم اور خواتین کا روزگار بہتر مستقبل کے لیے ضروری ہے، شیری رحمان

خواتین کی معاشی خودمختاری سے خاندان کے فیصلے اور صحت کے نتائج بہتر ہوتے ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے ورلڈ کنٹراسیپشن ڈے پر لڑکیوں کی تعلیم، خواتین کے روزگار اور معیاری صحت کی سہولتوں پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی آبادی 25.93 کروڑ ہے اور آبادی میں سالانہ 3.7 فیصد اضافہ ہو رہا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری پیغام میں انہوں (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

حکومت کی جانب سے مذاکرات کیلئے چینل کھلا ہے، چودھری سالک

اپوزیشن کی جانب سے بھی مذاکرات کے لیے باتیں کی جا رہی ہیں، وفاقی وزیر

گجرات (جی این ایم) وفاقی وزیر اور سینیئر پاکستانی چودھری سالک حسین نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے مذاکرات کے لئے چینل کھلا ہے۔ وفاقی وزیر اور سینیئر پاکستانی چودھری سالک حسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کے لئے دونوں فریقین کا آمادہ ہونا لازم ہے، اپوزیشن کی جانب سے بھی مذاکرات کے لیے باتیں کی جا رہی ہیں۔ چودھری (باقی صفحہ 3 نمبر 26)



کوئٹہ: [illegible] فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن حقیقی نصیر آباد کی نئی منتخب کابینہ کا اعلان کر دیا گیا

شاہ زیب سولنگی کو سرپرستِ اعلیٰ، حاجی عبدالقدیر قریشی صدر، حاجی علی مردان پلال چیئرمین منتخب

بابا کوٹ (اے این این) گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن حقیقی نصیر آباد کی نئی منتخب کابینہ کا اعلان کر دیا گیا، جس میں شاہ زیب سولنگی کو سرپرستِ اعلیٰ، حاجی عبدالقدیر قریشی کو صدر، حاجی علی مردان پلال کو چیئرمین جبکہ محمد مراد عمرانی کو جنرل سیکریٹری منتخب کیا گیا۔ نئی کابینہ میں علی نواز کو انفارمیشن سیکریٹری، بابو عبدالنبی کو فنانس سیکریٹری مقرر کیا گیا، جبکہ ایگزیکٹو ممبران میں رئیس (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز مشین نصب، باقاعدہ سروس کا آغاز

ڈائیلاسز سہولت سے زیارت اور گردونواح کے مریضوں کو مقامی سطح پر علاج کی سہولت میسر آگئی

زیارت (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق کے محکمہ صحت بلوچستان نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز مشین کی تنصیب مکمل کر کے باقاعدہ سروس کا آغاز کر دیا ہے۔ ڈائیلاسز مشین کی فراہمی سے ضلع زیارت اور گردونواح کے گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو بڑی سہولت میسر آ گئی ہے۔ اس سے قبل مریضوں کو علاج (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

پشتون ثقافت صدیوں پر محیط ایک زندہ تہذیبی ورثہ ہے، پی ایس ایف

پشتون ثقافت نفرت نہیں، محبت؛ تضحیک نہیں، احترام؛ تقسیم نہیں، سیف الدین کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر سیف الدین کاکڑ نے کہا ہے کہ پشتون کلچر ڈے کی آڑ میں پشتون ثقافت، خواتین طالبات اور ان کی عزت و وقار کو نشانہ بنانا انتہائی قابلِ مذمت اور ناقابلِ برداشت عمل ہے۔ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط ایک زندہ تہذیبی ورثہ ہے، جس کی بنیاد میلمہ پالنہ، غیرت، رواداری، برداشت، عزتِ نفس اور انسانی وقار (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

ریکوڈک منصوبے میں بلوچ ملازمین سے مبینہ امتیازی سلوک ناقابلِ قبول ہے، نیشنل پارٹی

مقامی ملازمین کے ساتھ ناروا سلوک اور سفری مراعات میں تفریق برتی جا رہی ہے، فوری نوٹس نہ لیا گیا تو بھرپور احتجاج کریں گے

نوکنڈی (یو این اے) نیشنل پارٹی چاغی نے ریکوڈک منصوبے میں کام کرنے والی چنعائی نامی کمپنی کی جانب سے بلوچ ملازمین کے ساتھ مبینہ امتیازی اور ناروا سلوک پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چنعائی کمپنی کی پالیسی میں بلوچ ملازمین کے لیے سختیاں اور پابندیاں جبکہ پنجاب اور سندھ سے آنے والے ملازمین کے لیے خصوصی مراعات اور آسائشیں کسی صورت (باقی صفحہ 3 نمبر 14)



کوئٹہ، رابعہ خواجہ خیل اور دیگر پریس کانفرنس کر رہی ہیں

تھانہ اے سیکشن پولیس کا فحاشی کے اڈے پر چھاپہ، چار نائیکوں سمیت تین مرد گرفتار

سکھر (اسلم سومرو) تھانہ اے سیکشن پولیس کا فحاشی کے اڈے پر چھاپہ، چار نائیکوں سمیت تین مرد گرفتار، مقدمہ درج، خبر کے مطابق سکھر کے تھانہ اے سیکشن کی حد قاسم آباد مارکیٹ بیراج روڈ پر تھانہ اے سیکشن پولیس نے فحاشی کے اڈے پر چھاپہ مار کر تین افراد (1) معشوق علی ولد بشیر احمد (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

ڈی آئی خان، درازندہ چیک پوسٹ دھماکے میں شہید 3 اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا

ڈیرہ اسماعیل خان (جی این ایم) ڈی آئی خان کی درازندہ چیک پوسٹ دھماکے کے 3 شہدا کی نمازِ جنازہ ادا کر دی گئی۔ کسٹمز کے حوالدار فرمان، سپاہی اسامہ اور ریسکیو اہلکار شریف اللہ کی نمازِ جنازہ پولیس لائنز میں ادا کی گئی، نماز جنازہ میں سول و عسکری حکام، پولیس، کسٹمز، ریسکیو (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

پی آئی اے حکام کی جانب سے فلائنگ ڈیوٹی سگریٹ لے جانے پر پابندی عائد

کراچی (جی این ایم) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کے فضائی میزبانوں کے سگریٹ اسمگلنگ میں ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد دورانِ فلائنگ ڈیوٹی سگریٹ لے جانے پر نئی پابندی عائد کر دی گئی (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے سے متعلق سی ٹی ڈی کی تحقیقات جاری

کوہاٹ (جی این ایم) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کی تفتیشی ٹیم کی 18 ستمبر کو کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز پر خودکش دھماکے سے متعلق تحقیقات جاری ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق دہشت گرد پولیس لائنز تک بارود (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

کراچی، شاہراہِ بھٹو پر ٹریفک حادثہ، پولیس اہلکار جاں بحق

کراچی (جی این ایم) کراچی میں شاہراہِ بھٹو پر ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار پولیس اہلکار جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل سڑک کنارے کھڑے واٹر ٹینکر سے ٹکرا گئی۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ اہلکار تیزی سے موٹر سائیکل پر آ رہا تھا جس کے باعث توازن برقرار نہ رکھ سکا۔ پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

ایران کی فضائی پابندیوں کا جواب فوجی کارروائی سے دینے کی خبروں کی تردید

تہران (جی این ایم) ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکریٹریٹ نے ان رپورٹس کی تردید کر دی ہے کہ حالیہ فضائی پابندیوں کے جواب میں ایران فوجی کارروائی کے ذریعے جوابی ردعمل دینے جا رہا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ بعض غیر قانونی (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

مشرق وسطی جنگ کے تمام فریقین تحمل کا مظاہرہ کریں، عمانی وزیر خارجہ کی اپیل

نیویارک (جی این ایم) عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے اپیل کی ہے کہ مشرق وسطیٰ جنگ کے تمام فریقین تحمل کا مظاہرہ کریں۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ فریقین کو اختلافات بات چیت کے ذریعے حل کرنے چاہئیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

کوہاٹ پولیس لائنز حملہ، دہشتگردوں کی ریکی اور سہولت کاری کے شواہد

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز پر خودکش حملے سے متعلق محکمہ انسداد دہشتگردی کی تفتیشی ٹیم کی رپورٹ میں دہشت گردوں کی جانب سے حملے سے قبل کئی بار ریکی اور سہولت کاروں کی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

سکھر: سائیٹ ایریا میں پولیس مقابلہ، زخمی ڈاکو گرفتار، دو ساتھی فرار

سکھر (اسلم سومرو) تھانہ سائیٹ ایریا کی حدود تھیم چوک کے قریب دورانِ گشت پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں پولیس نے ایک مبینہ ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، جبکہ اس کے (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

لاہور: غیر ملکی خاتون سے اجتماعی زیادتی، ملوث ملزم کی شناخت کر لی گئی

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور کے علاقے ڈیفنس میں غیر ملکی خاتون سے گینگ ریپ کی تفتیش میں پیش رفت ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق خاتون کو جس گاڑی پر اغواء کیا گیا وہ گاڑی برآمد کر لی گئی، گاڑی کو مرکزی ملزم کے رشتے دار کے گھر سے برآمد کیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کے مرکزی ملزم کا رشتے دار بھی فرار ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

پہلے ہی کہہ دیا تھا پی ٹی آئی لانگ مارچ کرنے کی پوزیشن میں نہیں، فیصل کریم کنڈی

پی ٹی آئی کا فوکس اڈیالہ اور ڈی چوک پر ہے، کبھی نہیں چاہتے کہ عمران خان جیل سے باہر آئیں، گورنر کے پی کے

اسلام آباد (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پہلے ہی کہہ دیا تھا پی ٹی آئی لانگ مارچ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے، گورنر راج اور ایمرجنسی کی شقیں آئین میں موجود ہیں نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پی ٹی آئی کا فوکس اڈیالہ اور ڈی چوک پر ہے، صوبہ دہشت گردوں کے حوالے ہے، عمران خان سزا یافتہ اور نااہل (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

اوستہ محمد، اینٹی نارکوٹکس پولیس کی کارروائی، ایک ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد

دورانِ گشت ملزم کے قبضے سے ٹی ٹی پستول برآمد، مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی، پولیس ذرائع

اوستہ محمد (جی این ایم) اوستہ محمد اینٹی نارکوٹکس پولیس فورس کی کارروائی ملزم گرفتار اسلحہ برامد پولیس ذرائع کے مطابق دوران گشت اینٹی نارکوٹکس پولیس فورس کے انچارج محمد اسلم رند میں دوران گشت رشید نامی شخص کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ٹی ٹی پسٹل برامد کرلیا پولیس کے مطابق ملزم کے خلاف غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے جرم 13D میں مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

نئے صوبوں کا قیام موجودہ حالات میں درست فیصلہ نہیں ہوگا، جمعیت نظریاتی

یہ محض چند لوگوں کی ذاتی خواہش ہے جسے جبراً پوری قوم پر مسلط کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر حضرت مولانا عبدالقادر لونی صاحب نے ملک میں نئے صوبوں کے قیام کی جاری بحث پر جماعت کا واضح، دوٹوک اور حتمی پالیسی موقف پیش کرتے ہوئے فرمایا صوبے دنیا بھر میں بنتے رہتے ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

نادرا کا خواتین کے شناختی کارڈ بنوانے کیلئے خصوصی سہولت کا اعلان

مخصوص شرائط پوری کرنے والی خواتین کو برتھ سرٹیفکیٹ کے بغیر بھی شناختی کارڈ بنوانے کی سہولت فراہم کی جائے گی

لاہور (جی این ایم) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے شادی شدہ اور غیر شادی شدہ خواتین کیلئے شناختی کارڈ کے حصول کے حوالے سے خصوصی سہولت کا اعلان کر دیا۔ اس سہولت کے تحت مخصوص شرائط پوری کرنے والی خواتین کو برتھ سرٹیفکیٹ کے بغیر بھی (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

جرمنی اور روس کے مابین 2022 کے بعد سے پہلی براہِ راست ملاقات

روس جرمنی، یورپ اور نیٹو کے ساتھ کشیدگی بڑھانے کا راستہ ترک کرے، جرمنی کا مطالبہ

نیویارک (جی این ایم) جرمنی اور روس کے وزرائے خارجہ کے درمیان 2022 میں یوکرین پر روسی حملے کے بعد پہلی بار براہِ راست ملاقات ہوئی ہے۔ یہ ملاقات نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر ہوئی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق جرمن وزیر خارجہ یوہان وادے فل اور روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے تقریباً 20 منٹ تک بات چیت کی۔ جرمنی نے (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

امریکا کو جواب دینا ہوگا، مذاکرات چاہتا ہے یا خلل ڈالنا؟ ایرانی صدر

ایران دباؤ اور دھمکیوں کے سامنے سر نہیں جھکائے گا، مسعود پزشکیان

تہران (اے این این) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا کو واضح کرنا ہوگا کہ وہ مذاکرات کے لیے تیار ہے یا ان میں خلل ڈالنا چاہتا ہے، ایران دباؤ اور دھمکیوں کے سامنے سر نہیں جھکائے گا۔ ایک انٹرویو میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران ناقابلِ تسخیر (باقی صفحہ 3 نمبر 20)



کوئٹہ: کوئٹہ کی عدالت روڈ پر کھلے عام منشیات کے استعمال نے اہم خدشات کو جنم دیا ہے

پاکستان کے خلاف جو بھی اسلحہ اٹھاتا ہے وہ دہشتگرد ہے، سہیل آفریدی

پی ٹی آئی 24 گھنٹے کی مختصر ترین کال پر لانگ مارچ کے لیے نکلنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے، وزیراعلی کے پی کی میڈیا سے گفتگو

دہشت گردی کو ختم کرنے کیلئے ہم سنجیدہ ہیں، وزیراعلی کے پی کی علی امین گنڈاپور کے گھر آمد، دونوں رہنماؤں کی اہم ملاقات

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے وزیراعلی سہیل آفریدی سابق وزیراعلی علی امین گنڈاپور سے مبینہ رنجش کے باوجود ان کی رہائشگاہ پہنچ گئے، جہاں دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلی سہیل آفریدی نے اتوار کو ڈیرہ اسماعیل خان کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سابق وزیراعلی سردار علی امین خان گنڈاپور کی رہائش گاہ پر ان سے تفصیلی ملاقات کی، علی امین گنڈاپور نے ڈیرہ آمد پر ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ علی امین گنڈاپور کے ترجمان فراز مغل کا کہنا ہے کہ وزیراعلی سہیل آفریدی سابق وزیراعلی کی رہائش گاہ پہنچے تو علی امین گنڈاپور نے خود ان کا استقبال کیا۔ ملاقات کے بعد وزیراعلی سہیل آفریدی اور علی امین گنڈاپور ایک ساتھ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ اسماعیل خان پہنچے اور درازندہ میں گزشتہ روز ہونے والے خودکش حملے کے زخمیوں کی عیادت کی (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

پی آئی اے کے فضائی میزبانوں پر سگریٹ لے جانے پر نئی پابندی عائد، سخت کارروائی کی تنبیہ

انتظامیہ نے فضائی میزبانوں کو جہاز پر روانگی سے قبل بریفنگ میں بھی آگاہی کی ہدایت کر دی، سرکلر جاری

اسلام آباد (اے این این) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی انتظامیہ نے فضائی میزبانوں پر فلائنگ ڈیوٹی کے دوران سگریٹ لے جانے پر نئی پابندی عائد کرتے ہوئے خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی تنبیہ کر دی ہے۔ تاریخی کتابیں دریافت کریں پی آئی اے کی جانب سے جاری سرکلر کے مطابق فضائی میزبانوں کو دوران فلائنگ ڈیوٹی صرف ایک سگریٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

پی ٹی آئی نے دو ماہ کا وقت تیاری کیلئے لیا لیکن تیاری حکومت نے کر لی

اسلام آباد (جی این ایم) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے دو ماہ کا وقت اپنی تیاری کیلئے لیا لیکن تیاری حکومت نے کر لی ہے۔ ایک انٹرویو میں شیر افضل مروت نے کہا کہ پی ٹی آئی نے تیاری نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

پاکستان ڈیجیٹل فنانس کے فروغ کیلئے عالمی سطح پر اہم کردار ادا کر رہا ہے، بلال ثاقب

نیویارک (جی این ایم) وزیر مملکت اور چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان ڈیجیٹل فنانس کے فروغ کیلئے عالمی سطح پر اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ بلال بن ثاقب نے اقوام متحدہ (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہوتے ہی فائدہ عوام کو منتقل کر دیں گے، وزیر پیٹرولیم

اگر دس ماہ اس سسٹم کو چلانا پڑا تو یہ حکومت چار سے پانچ سو ارب روپے اپنے بجٹ سے کاٹ کر عوام پر لگائے گی

لاہور (اے این این) وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ عالمی منڈی میں جیسے ہی تیل کی قیمتیں گرنا شروع ہوں گی وزیراعظم اس کا فائدہ عوام کو منتقل کر دیں گے۔ لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پٹرول کی وجہ سے عوام کو بے پناہ تکلیفوں کا سامنا ہے، وزیراعظم شہباز شریف کا عہد ہے کہ وہ فیصلہ کریں گے جو پاکستان کی عزت عالمی دنیا میں بڑھائے گا، عالمی منڈی میں جیسے ہی تیل کی قیمتیں گرنا شروع ہوں گی فائدہ عوام کو منتقل کر دیں گے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 23)



کوئٹہ: نیو بیوٹی اینڈ سیلون کے زیر اہتمام دلہن میک اپ کے مقابلے کے موقع پر [illegible] ڈاکٹر صفیہ مینگل، فائزہ سکندر و دیگر خواتین سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہی ہیں